ادبی دماغی ورزش۔سلسلہ (۵۶)

ڈاکٹر شمیم احمد صدیقی

C-2،نسیم منزل، مدح گنج، پولیس چوکی، سیتاپور روڈ،لکھنؤ۔226020

پنڈت بال کرشن قمر لکھنوی کے درج ذیل اشعار کو دیئے گئے اشاروں کی مدد سے مکمل کیجئے۔

(۱) اگر ہے نام کی خواہش تو ناداں مردِ میداں بن
رہا بے آبرو جب تک رہا ....سمندر میں
اشارہ: اگر آپ گوہر کو موتی میں بدلنا چاہتے ہیں تو اس کی 'ب' کو'ہ' سے بدل دیں۔

(۲) بعد مرنے کے نکالا ہے یہ کس دن کا..........
دوستو خاک میں تم مجھ کو دباتے کیوں ہو
اشارہ: غبار کا مطلب دھول یا گرد ہوتا ہے جب کہ غبار نکالنے کا مطلب غصّہ اتارنا ہوتا ہے۔

(۳) پرسشِ اعمال کیسی .... فرشتے ہوگئے
گور کے ظلمت کدے میں نورِ ایماں دیکھ کر
اشارہ: شاعر کا کہنا ہے کہ جو فرشتے اندھیری قبر میں سوال و جواب کیلئے آئے تھے وہ میرے ایمان کی روشنی دیکھ کر غش کھا کر گر گئے۔

(۴) جس ....کو بے ثباتی دنیا کا ہے یقیں
اُس کو خوشی خوشی کی نہیں ، غم کا غم نہیں
اشارہ: اگر کسی کے دل کو یہ یقین ہے کہ دنیا ختم ہونے والی چیز ہے تو پھر وہ نہ تو کسی خوشی کی بات سے خوش ہوگا اور نہ کسی تکلیف سے غمزدہ ہوگا۔

(۵) جو تجھ کو ناصح نافہم میرا .... بننا ہے
تو پھر بہر خدا تو دوست کا میرے نہ دشمن ہو
اشارہ: شاعر نصیحت کرنے والے ناسمجھ شخص سے کہتا ہے کہ خدا کے واسطے تو میرے دوست سے دشمنی نہ کر اور میرا سچا دوست بن جا۔

(۶) جھُکنا ہے شرط صاحبِ جوہر کے واسطے
تلوار وہ خراب ہے کچھ جس میں ....نہیں
اشارہ: اچھے انسان میں یہ خوبی ہوتی ہے کہ وہ لوگوں سے جھک کر ملتا ہے اس کی مثال یہ ہے کہ جس تلوار میں خم نہیں ہوتا یعنی وہ مُڑی ہوئی نہیں ہوتی وہ خراب ہوتی ہے۔

(۷) جہاں جی چاہے گا ہم جائیں گے اُس کے......میں
خفا ہم سے نہ زاہد ہو، نہ خوش ہم سے برہمن ہو
اشارہ: تجسّس کا مطلب تلاش کرنا بھی ہوتا ہے۔

(۸) خدا نے آدمی کو دی ہے......عقل و دانش سے
ضرورت کیا جو اِس پُتلے پہ کوئی رنگ و روغن ہو
اشارہ: زینت کا مطلب سجاوٹ ہوتا ہے۔

(۹) عجب ہے یار یہ سیرِ عدم بھی
گیا جو ہو رہا وہ .... وہیں کا
اشارہ: جو کوئی آخرت کی منزل کو جاتا ہے وہ بس وہیں رہ جاتا ہے۔

(۱۰) ہم یہ سمجھے عمر روتے ہی کٹے گی دہر میں
طفلِ نوزائیدہ کو پہلے ہی گریاں ....کر
اشارہ: شاعر کہتا ہے کہ نئے پیدا ہوئے بچے کو روتا دیکھ کر ہم یہ سمجھے تھے کہ اس دنیا میں ساری عمر روتے ہی گزرے گی۔

(جوابات آئندہ ماہ کے شمارے میں ملاحظہ کریں)

(سلسلہ 55 کے جوابات صفحہ 13 پر)

●●●